تقاریرِ علمأ کرام

قاری محمد عباس چشتی

دوئم

فہرست

1 (۷-۹-۰۶)

۱- شانِ محبوبؐ

263 سید فیض الرسول شاہ

عقیدہ۔ درود شریف کا ثواب اور سلام کا جواب ملتا ہے۔ خطبہ - یا ایہا الذین امنوا امنوا -
محدود ثنا — ایک خاص گروہ کو ایمان — یا ایہا الکافرون - اے یہود - یا بنی اسرائیل - یا ایہا الذین امنو - یہاں کس حکم کو ماننا
ایمان کا ذکر ہے، کس حکم کے ماننے والا ایمان والا نہیں ۔ ایمان کسی چیز کو ماننا کہا ہے ۔ ساری کائنات میں کچھ چھپا
ہوا کوئی نہیں - رات کو صحابہ کو کہاں سنا ایسا لطیفہ - سرکار کے علاوہ کوئی امام ہوتا تو مسجد اقصیٰ میں کوئی
اور امام کھڑا ہوتا ہے ۔ جبرائیل نے امامت کی ہے ۔ اگر نماز ایمان ہوتی تو سب نمازی ایمان ہوتے ——
کیا حضور کے پیچھے نماز پڑھنے والے سب مومن تھے ۔ صحابہ کرام ہی ہی تھے ۔ حضور کی ظاہری حیات طیبہ ——
مسجد نبوی کے نمازی - [illegible] کی مسجدوں میں [illegible] نمازی —— سرکار کے پیچھے - جز المنافقون تھی ——
(۱) حدیث پاک میں ہے - یأتی علی الناس زمان" انسانوں پر ایک وقت ایسا ہی آئے گا - یجتمعون فی المساجد
وہ مسجدوں میں بڑے بڑے اجتماع کریں گے - ولیس فیہم مومن - ان میں ایمان والا ایک بھی نہیں ہوگا -
کیا روزہ ایمان ہے - [illegible] —— ۱۶ اپریل - کیا داڑھی ایمان ہے —— سکھ سارے [illegible]
کیا مسجد بنانے ایمان ہے - کیا قرآن پڑھنا - مرزائی میں قرآن پڑھتے ہیں - تو پھر آپ پوچھیں کیا نیک اعمال ——
یہ سب مل کر اسلام ہیں - پانچ چیزوں پر اسلام کی بنیاد - حضور نے فرمایا کہ لا یومن احدکم - الخ
عشق مصطفیٰ کا نام ایمان ہے وغیرہ - نیک اعمال بعد میں ایمان پہلے میں ملتا ہے - ایمان ہوگا تو اسم جاری
اس دن ابوبکر نے رسم قبول کیا تھا - کیا اس وقت نماز فرض ہوئی تھی - کیا علم تھا اس کے - حیدر کرار کیا اس دن [illegible]
خود دیکھ — ایمان علم کا نام بھی نہیں ہے، کوئی عالم والد - جاہل آدمی ایمان سے حالات -
امریکہ کا صدر - [illegible] - 263 کا [illegible] تو کسی [illegible] سے مسجد اس کا
سینہ ایمان سے خالی [illegible] ایمان اگر [illegible] —— لوگوں سے عمل [illegible] ایمان والے ایمان ہوتا
ہے - اعمال اس کے پھل پھول ہیں - ایمان کا جمال نیک اعمال - حدیث عجیب ترین مخلوق
کس کا ہے - جانا ہے ایمان والوں - سورۃ بھی ایمان والے ہیں - سرکار کے انگلی کے اشارے - درخت
حضور کے اشارے - پتھر بول کر ایمان —— پرندے - جانور اگر [illegible] ایمان - اونٹ - کا شکایت
کیا وہ نا اس کا کام ہے - مجھ کو [illegible] کرتا ہے میں بوڑھا ہو گیا - جس کا سارا [illegible] اس کا سارا [illegible] پہلا
اس نے وعدہ کیا کہ [illegible] میں اس کو ذبح ہی کر ڈالتا - اونٹ نے انسان کی طرف [illegible] اللہ
[illegible] بات کی - سرکار نے [illegible] امت کو دوزخ کی آگ سے بچانا ——

— اگر معنٹ امت نہ ہوتے ایمان والے نہ ہوتے ۔ اور منٹ بھی جانتا ہے کہ میرا مشکل کشا دیو ہے ۔
معجزہ —— یہ حبشی حلوہ ہے ایمان والا ان ہی عجیب ایمان کس کا ہے فرشتوں کا مرتبہ گیا
اگر فرشتے ایمان نہ لاتے تو انکار کرتا —— حتیٰ نسخ بعد کے —— نبیوں کا ایمان ۔ کیسے عجیب ہو گیا ۔
وحی اتر رہی ہے ۔ ہمارا ایمان صحابہ ۔ مشاہرا ایمان ہے غیب کچھ ہو گیا ہے معجزات دیکھے سب
میں نوٹ کیا ہو رہا ہے ایمان ہیں —— ابراہیم کا مناظرہ نمرود —— بس کو مس کیا ہے اس کو زندہ کر ۔
ایک دن مغرب سے چڑھا دیتا —— اگر چڑھا دیتا —— تو رب ماننا پڑتا —— خدا وہ ہوتا ہے جو
مغرب سے چڑھا سکتا ہے ۔ علی کے لیے مغرب —— سورج چڑھایا کہ نہیں —— سو کا ورثہ رہا
لوگوں نے مغرب سے سورج چڑھایا ہے یہ خدا نہ تھا ۔ سعودیہ میں بندہ مگر خدا والا کر رہا ہے ۔ اپنا صفات
کا مظہر بنا دیا ہے زمین چاہیے تو مغرب سے نکالے اور ہیں محمدؐ ہی چاہیں گا کو مغرب سے نکالا ۔
سو کا رکو اونٹ نے سجدہ کیا ۔ بکریوں نے سجدہ ۔ صحابہ نے دیکھا عرض کی ۔ ہم نہ کریں —— آپ
کو سجدہ نہ کریں ۔ رب کے علاوہ سجدہ جائز نہیں اس نے سجدہ کروایا ۔ آدم کو فرشتوں نے
یوسف کو والدین ۔ تعظیمی سجدہ جائز تھا ۔ جب سرکار باہر آئے خدا نے منع کر دیا ۔ کبھی سرکار
نے پوچھا ہو کہ بابا ہمیں نبیوں کو سجدہ کروایا ۔ ہمارے لیے منع کر دیا ۔ کیا میرا اسے نا شکری ہے ۔ تو جواب
جب انسان کا اظہار ہیں معجزات ۔ جانور سجدہ —— سب جانور پہچان لو ۔ سارا کچھ ملیں
عطا کر دیا ہے ۔ اللہ سجدہ اپنے لیے کر سجدہ بنا تجھے دے دوں ۔ تو خدا مجھے کہتا ہے گا ۔ خدا وہ ہے جس کی
دہلیز الوہیت پر جبین نیاز بھی جھکی ہوئی ہے ۔ عیسائی نے عیسیٰ خدا کہا ۔ شکر فرمایا امت شرک
میں ۔ عجیب ایمان ۔ فرشتے ۔ نبیوں کا ۔ ہمارا ایمان ۔ ان سب سے کار کرو ۔ سب سے بلند
ان لوگوں کا ایمان ہو گا جو میرے بعد ۔ لفظوں میں ہوگا ۔ مجھے دیکھا بنا نہیں ہو گا ۔ کتابوں میں پڑھیں گے
پیار کریں گے ۔ مسجدوں میں آنے والے ۔ محبوب کی باتیں سنتے ۔ کسی کا ذکر سن کر محبت
پیدا ۔ صحابہ خوش نصیب ہیں کہ میں —— سب سے اونچے درجے —— ایک پہلو ہم صحابہ سے بھی زیادہ
خوش نصیب ہیں ۔ علماء کے ہنسا ولیوں کے جوتے چومتے ہیں ۔ عشرہ کی صحابہ کرام فضیلت کے حامل ۔
بڑی مبارک ہو جب محبت کا ایمان لایا ۔ طور پر نسل ان دامن ہی ۔ سارا مبارک ہیں ۔ جنہوں نے بغیر دیکھے
ایمان لایا —— صحابہ کرام نے سوال پوچھا کیا کوئی ہم سے بھی کوئی اچھا ہے ۔ صلی اللہ خیر تمنا ۔ لکم
لا تمسّ علی السلام ۔ اللہ کا ہم پر احسان ہے کہ محبوب کی غلامی —— محبوب کی محبت کا چراغ ۔

تمام عالم ۔ جو ہیں پیدا ہوئے ہیں ۔ اپنے مال اور اہل کو لگاؤں ۔ محمد کا دیدار کرا دے ۔ آج ۔
میں تیرے پیچھے ہیں ۔

تیرے پیدا ہونے سے پہلے جنم لیا ہوتا ۔ پھر کہیں تو مجھے ملا ہوتا ۔
تو جب سفر کرتا میری پلکوں پر ۔ کاش میں تیرا راستہ ہوتا ۔
تیرے چہرے کے آس پاس کہیں ۔ میں کوئی کچا راستہ ہوتا ۔
لڑتا پھرتا میں تیرے اعداء سے ۔ تیری خاطر میں مر گیا ہوتا ۔
تو کبھی تو میری خبر لیتا ۔ تیرے کوچے میں گھر کیا ہوتا ۔
کبھی تو مجھے تک لیتا ۔ تیرے تکنے پہ بک گیا ہوتا ۔
تو تو آتا میرے جنازے پہ ۔ تیرے ہونٹوں میں مل گیا ہوتا ۔
جھوم کر جشن میں پلٹ آتا ۔ تو میری قبر پر کھڑا ہوتا ۔
بہہ رہا ہوتا میں قطرہ بن کر تیرے آنسو کا ۔ اور غم امت میں بہہ گیا ہوتا ۔
اور سینہ طاہر بہتر منظر میں ہو ۔ دل پہ نور کھڑا ہوتا ۔

کوئی محفل میں ہیں ایک پیر ۔ ایک دن مدینے کی یاد آئی اور مدینے کی طرف سفر کر کے ۔ ہم سب اپنا مال اہل بیت پر نثار کر دیتے ۔ ہر عاشق چاہتا ہے کہ ۔ وہ حقیقت ایمان محبوب کی محبت ہے ۔ حقیقت ایمان ۔ حضور کی بات ایمان نصیب ہوا کہ حضور کے دامن سے وابستگی ہے ۔

کہ صحیفہ جو ہیں ہو وہ مثل قرآن ہو نہیں سکتا ۔ منافق کو کبھی احسان ایمان کا پہنچ سکتا ۔
تعظیم کر ہو سرکار دو عالم کی ۔ لاکھ کوئی عبادت کر سکتا کبھی وہ ہو نہیں سکتا ۔

Mubbashir

پیر
۸ — ۲ — ۲۰۲۶
۲۸ — ۴ — ۱۴۴۷
۱ — ۱۴ — ۲۲ — pm

۲- شانِ رسالت ؐ

سید عبدالحق شاہ

ہمارے دستار رسالت ہے الا رحمۃ للعالمین۔ حمد و ثنا۔(۱) اصل مریدی ہوتا ہے جس سے پیر کا رنگ نظر آئے
عشق کے بدلے کو سب نسب چھوڑنا چاہیے۔ حضرت سلمان فارسی کا (۲) مجوسی خاندان ... اسلام میں داخل ہوا۔
محبوب کے قدموں میں بیٹھنے سے پہلے امتحان دینا۔ یہودی کو کہا کہ میرا دل مصطفیٰ کا غلام بن چکا ہے۔ شرائط۔
حضور نے فرمایا اگر ہم گٹھلیاں لگائیں تو آکا جس کی ایک لمحے میں پک جائیں۔ یہ بھی کوئی مشکل ہے۔ دوسری شرط سونا۔
فرمایا سونا ہمارا اللہ سونا کی تکرار سے تعبیر ہے۔ دعا ڈالی تو باغ تیار۔ ایک ہم کا
انڈے جیسا۔ سوا کلو سونا ___ لعاب دہن۔ ہر جگہ سے لعاب دہن کام کرتا ہے۔
تین صد درخت۔ سوا کلو سونا ___ سلمان سے پوچھتے ہیں تیرے باپ کا نام کیا ہے
میرا باپ اسلام ہے۔ سلمان ہمارے گھر والوں میں سے ہے۔ پیر گولڑوی کا رشتہ
پیر مہر علی شاہ سے پوچھتے۔ مہر علی سیال کا۔ سیال پھکیاں کو ول کا ___
مولانا وسلم۔ فلاں ابن فلاں

بندۂ عشق شدی ترکِ نسب کن جامی۔ کہ درین راہ فلاں ابن فلاں چیزے نیست

اگر احادیث کا مطالعہ کریں تو کہ ہم خونی رشتے ٹوٹتے ہوئے نظر آتے ہیں۔ اور غلاموں کے رشتے جڑتے ہوئے نظر آتے۔
مثال۔ ابولہب حضور کا چچا۔ خونی رشتہ۔ لیکن اس نے عشق دار رشتہ اختیار نہیں کیا۔ سو تعالیٰ بیت۔ بلال
حبشی۔ فرمایا شکل کو کسی نے نہ دیکھا۔ عشق آواز کسی نے۔ نسب کسی نے ___ ممبروں کا مالک بنا دیا
جب تک آدمی نزدیک ___ رشتہ روحانی کی طاقت بڑھتا ہے۔ بعد مکانی ختم قرب ہی قرب ہے
ابوجہل حضور کی زیارت کرتے رہے۔ کوئی کافر دیکھ نہ جاتا ___ رشتہ طے محبت نسبت معنوی
اویس قرنی قریب ہیں ___ یمن کی طرف منہ۔ انی اجد ریح الرحمن من قبل الیمن۔ عشق کی خوشبو
اویس کو بلند سکہ کرتا کرتہ دعا امت ___ کیا اویس کا مقام رحمۃ للعالمین سے اونچا ہے۔ صلی اللہ علیہ وسلم
امت کے لیے دعا۔ ان کے اس کرتے کو دیکھنا ہے۔ وسیلہ۔ سلطان محمود غزنوی۔ اللہ والوں کی
دعا۔ ابوالحسن خرقانی کا ___ روحانیت۔ اذھبوا بقمیصی ھذا۔ اس کا کرتہ بڑی چیز ہے ___
سومنات کا قلعہ ___ اگر اس کرتے کی دعا۔ اگر تمام لوگ کلمہ پڑھ جائیں ___

ہجرت

۱۱ — ۲ — ۲۰۱۶
۳ — ۵ — ۱۴۳۷

۷ — ۴ — ۱۶ PM

5

۳۔ شانِ رسالت

سید محمد زمان شاہ

۱۸۶ ہمارے رسول الرحمۃ للعالمین ۔ حمد و ثنا ۔ اللہ کی صفات ۔ جس نے محبوب کی شان
بیان کی زبانی ۔ ستر ہزار عالم ۔ یہاں اللہ کے لیے ۔ عالمین ۔ نبی کے لیے ۔ میرے خدا کی شان
مصطفیٰ ۔ میں خدا بے مثل ہوں ۔ ایک ربوبیت صغریٰ ۔ کبریٰ ۔ ماں ربوبیت کا ایک
پرتو ہے ۔ ماں کی نظر میں دیکھا جائے بچہ بے مثل ۔ ماں کو بیٹے کی عیب نظر نہیں آتا ۔
کبھی اس ساتھ زبان سے وجہ پارو ۔ پرتو کی ساتھ نہیں ماں تو ساتھ دوں گا ؟
بہتر محبانو میں دل کا ہو گئے ہر ہی سکتوں نہیں جان ہو گئے پیر اولاد کا خاک دوں گا ۔
جب والدین کی دعا ہوتی ہے ۔ تا بایزید بسطامی کو ولی کیسے بنایا گیا ۔ ماں کے قدموں
میں جنت ہے ۔ باپ کا بعد میں ۔ لیکن جو دوائی طبق کی ہو شفا کی پہلے ہو گی ۔ جہاں ربوبیت
صغریٰ کا یہ مقام ہے وہاں ربوبیت کبریٰ کا کیا مقام ہوگا ۔ واذا سألک عبادی ۔ جیسے میں پکارو
۔ جبرئیل زمانے میں جواب سے آواز آ گئے لبیک حاضر ہوں ۔ اس نے اپنے خدا کو ۹۵ سال تک پکارا
۔ ہم بھی ایک دربار سے جانیں تو اکتا جاتے ۔ یہ نسبت ہم میں کو کا خبر نہیں ۔ دعا میں مانگو کا ہوتا ۔
جس کو ایک دروازے سے نہ ملا ۔ اس کو کسی جگہ سے کچھ نہیں ملا ۔ جو بھول کے بلاتے اس کو بھی
اپنا بنا لیتا ہے ۔ مجھ میں اور تم میں فرق کیا ہے ۔ یہ تو عام بندے کا مقام ہے ۔ جس بندے کو ولی
بنایا ہو ۔ جیسی تیری مرضی ہے ۔ زندہ قائم رہنا ۔ میری ذاتی شان ہے ۔ جس پر میں مہربان
ہو جاؤں تو اس بندے کو بھی عطا فرماتا ہے ۔ الا ۔ عام بندہ گنہگار ۔ شہید ہو گیا
لا تقولوا لمن یقتل ۔ جیسی تو چاہے ہم نے اس کو بھی وہی بنا دیا ۔ میں قادر ہوں ۔
کسی چیز کے مزاج کو بدل دیتا ہوں ۔ آگ کا مزاج جلانا ۔ قلنا یا نار کونی ۔
۔ قرآن شریف پڑھنے والا اور اسے سمجھنے والا ۔

نیچی نظر والا کی شرم و حیا ہو
اونچا لہجہ کی رفتار کو ...

۲-۱۶ — ۲ — ۱۲
۱۴۳۷ — ۵ — ۳
۵۲ — ۰۴ — ۹
AM جمعہ

۳۶

۴۔ ایمان کیا ہے۔

سید فیض الرسول شاہ

یا ایھا الذین امنوا امنوا ط اللہ تبارک وتعالیٰ جل مجدہ الاعظم کی بے شمار حمد و ثنا حضور نبی مکرم رسول معظم محسن کائنات اور کائنات حسن صلی اللہ علیہ وآلہ وبارک وسلم کی ذات والا صفات بے شمار نذرانہ ہائے درود وسلام کے بعد انتہائی محترم علماء ومشائخ کرام مہمانان گرامی قدر اور عزیزان محترم اللہ کریم کا ہم جتنا بھی شکر ادا کریں وہ کم ہے۔ جس نے آج رات ہمیں ان لمحات کو وقف ذکر جناب کی توفیق عطا فرمائی۔ اللہ کریم ہم تمام کی اس حاضری کو اپنی بارگاہ میں شرف قبول عطا فرمائے۔ اور سرکار دو عالم ﷺ کی توجہات کی خیرات عطا فرمائے۔ اور حضور پاک علیہ السلام کی محبتوں کا دیا جو ہمارے قلب وباطن میں روشن ہے اللہ پاک اس کی لو میں اور اضافہ عطا فرمائے۔ تمام دوستوں نے آج کی اس پرنور دلکش دلفریب روح پرور محفل پاک کا انتظام و انصرام فرمایا۔ اللہ کریم ان کی مقبولیتوں چاہتوں ___

اللہ کریم کی مقدس اور بابرکت کتاب سے ایک آیت پاک کے دو ہی لفظ تلاوت کیے ہیں۔ ان شاء اللہ العزیز اس کا ترجمہ عرض کرتا ہوں۔ اور ان کے ضمن میں چند معروضات آپ حضرات تک پہنچا کر اپنی گفتگو کو اختتام تک پہنچانے کی کوشش کروں گا۔ اللہ کریم ہم سب کو قرآن شریف کی سنگتوں سے قوت عطا فرمائے۔ دوستو۔ رب ذوالجلال نے ارشاد گرامی فرماتا ہے۔ یا ایھا الذین امنوا امنوا۔ اے ایمان والو۔ اے صاحبان ایمان۔ اے وہ لوگو جنہوں نے اپنے خانہ دل میں ایمان کی شمع فروزاں کی ہے۔ او ماننے والو۔ اب آپ غور فرمائیں۔ ایک بندہ دوسرے بندے کو کہے کہ تو مومن ہے۔ تو ممکن ہے اس کے اس دعوے میں کچھ سچائی نہ ہو۔ جھوٹ ہو جائے۔ ممکن ہے ایک بندہ دوسرے بندے کو مومن تصور کر رہا ہے۔ مگر وہ ایمان کے اس درجے تک فائز نہ ہو، جتنا وہ سمجھ رہا ہے۔ لیکن جس بندے کو ساری کائنات کا رب کہے کہ تو صاحب ایمان ہے۔ اس کے ایمان میں کیا شک ہو سکتا ہے۔ اس کے ایمان میں کیا تردد ہو سکتا۔ کیا یہ بہتان ہو سکتا ہے سمجھنے والو۔ فی الواقع یہ صاحب ایمان ہے۔ اللہ پاک فرماتا ہے یا ایھا الذین امنو۔ اے ایمان والو۔ مولا کریم۔ ہم گوش بر آواز ہیں۔ ہمیں فرما دیتا کیا ارشاد گرامی ہے۔ اور ہم سوچ رہے تھے۔ کہ اللہ پاک ہمیں۔ خطاب کر کے رب حکم ہی دینا چاہتا ہے۔ شاید کہ نماز پڑھو۔ ایمان والو روزہ رکھو۔ ایمان والو حج کرو۔ ایمان والو زکوٰۃ ادا کرو۔ ایمان والو جہاد کرو۔ ایمان والو۔ اپنے آپ کو گناہوں کی گندگی میں لتھڑنے سے آلودہ ہونے سے بچاؤ۔ اے ایمان والو عمل صالح کی پیروی

اکٹھی کرو۔ مگر ان چیزوں میں سے اس نے کسی کا حکم نہیں دیا۔ حکم بڑا عجیب ہے۔ سنیے۔ یا ایہا الذین
امنوا مولا حکم فرمایا امِنُوا۔ ایمان والو ایمان لاؤ۔ اے صاحبانِ ایمان ایمان والے ہو جاؤ۔
کیا بار الہا یہ تو تحصیل حاصل بات ہو گئی۔ کہ جو پہلے سے صاحب ایمان ہیں ان کو فرمایا جا رہا ہے۔
کہ تم ایمان لاؤ۔ بظاہر ہونا تو یوں چاہیئے تھا۔ کسی کافر سے کہتا۔ یا ایہا الکافرون اٰمنوا تم ایمان لاؤ۔
یا ایہا المشرکون اے مشرکو ایمان لاؤ۔ یا بنی آدم امنو۔ اے آدم علیہ السلام کی اولاد امنوا
ایمان لاؤ۔ یا ایہا الناس امنو۔ اے انسانوں ایمان لاؤ۔ یا فرماتا۔ یا بنی اسرائیل امنو۔ اے یہودیو
ایمان لاؤ۔ یا فرمایا جاتا یا اھل الکتاب اے کتاب والو ایمان لاؤ۔ مگر مولا۔ ان سب کو چھوڑ کر
جو پہلے سے صاحب ایمان کو جو مان رہا ہے ان سے فرما رہا ہے امنوا۔ دوستو۔ پتہ یہ چلا۔ کہ کوئی
ایمان ایسا ہے جو کافروں سے مطلوب ہے۔ آپ کو اگر سمجھ آ جائے تو توجہ سے سنیے۔ انہماک
سے سنیے۔ مومنوں کی محفل ہے۔ اللہ والوں کی محفل ہے۔ یہاں اتنی خاموشی اتنے پریشان پریشان
سے مغموم بیٹھے ہیں۔ فکر مند ہونے کی حاجت نہیں ہے۔ جہاں اللہ والوں کا اجتماع ہو۔ محبت والوں
کا اجتماع ہو وہاں تو محبت کے دیپ جلنے چاہئیں۔ آپ انتہائی الگ پریشان ہو کے بیٹھے ہیں
کیوں۔ سنیے۔ عزیزانِ محترم۔ فرمایا اے ایمان والو تم ایمان لاؤ۔ معلوم یہ ہوا۔ کہ کوئی ایمان
ایسا ہے جو کافروں سے چاہیئے۔ جو ان سے مطلوب ہے۔ اور کوئی ایمان فوق الایمان ایسا ہے۔
ایمان کے اوپر درجے کا کوئی ایمان ایسا ہے۔ جو ایمان والوں سے مطلوب ہے۔ کوئی ایمان ایسا
ہے جس کا تقاضا اللہ ایمان والوں سے فرماتا ہے ایمان والو تم ایمان لاؤ۔ اے صاحبان ایمان تم ایمان
لاؤ۔ اب دوستو دیکھیے۔ پتہ یہ چلتا ہے۔ کہ یہ جو دعوی دار ہے ایمان کا کہ میں مومن ہوں۔
میں مومن ہوں۔ ضروری نہیں ہے کہ وہ بندہ ایمان کے اس درجے تک فائز ہو۔ کہ ہم اسے کما حقہ
صاحب ایمان مان لیں۔ یہ جیسے حقیقت ایمان میسر نہ ہو۔ فقط زبانی کلامی دعوی کرتا ہو مسجد
میں جاتا ہو۔ میں ذمہ دار ہوں اپنی گفتگو کا کوئی ضروری نہیں کہ جو مسجد میں کھڑا ہو اللہ کی
تکبیر بیان کر رہا ہو خدا کی تسبیح بیان کر رہا ہو۔ خدا کی تحمید تحمید پڑھ رہا ہو۔ خدا کی تمجید بیان
کر رہا ہو۔ وہ ایمان ایمان بولا ہو۔ کوئی ضروری نہیں۔ ایک بندہ کھڑا مسجد میں تھا۔ مگر کوئی ضروری
نہیں کہ وہ صاحب ایمان بھی ہو۔ مسجد میں آنا اور رستے ہے۔ نمازی بننا اور رستے ہے۔ صاحب
ایمان بننا اور رستے ہے۔ نمازی ہو جانا یہ الگ بات ہے۔ کسی کا داڑھی رکھ لینا یہ الگ بات ہے۔

کسی کا طواف کر لینا تہجد پڑھ لینا تلاوت کر لینا یہ اور بات ہے۔ مگر صاحبِ ایمان ہونا یہ الگ بات ہے۔
ممکن ہے۔ قرآن پڑھنے والا۔ ممکن ہے طواف کرنے والا۔ ممکن ہے جہاد کرنے والا۔ ممکن ہے سجدہ ریز ہونے والا
ممکن ہے قرآن کی تلاوت سے اپنی زبان کو تر کرنے والا سب کچھ کر رہا ہے لیکن ممکن ہے کہ وہ صاحبِ
ایمان نہ ہو۔ سب کچھ ہو۔ مگر ممکن ہے کہ صاحبِ ایمان نہ ہو۔ آپ حیران ہونگے۔ ایسے لگو گا کہ کوئی اور نماز کیلئے
مصلے پر ہے۔ خدا کی تکبیر بھی بیان کر رہا ہے۔ اللہ کو وحدہٗ لا شریک بھی مان رہا ہے اور سب کچھ ہونے کے باوجود
کہا جا رہا ہے کہ ضروری نہیں کہ وہ صاحبِ ایمان ہو۔ یہاں میں صحیح بات عرض کر رہا ہوں۔ اس لئے کہ جو بتا رہا
ہے سارے کائنات کے عظیم رسول کا جو سرکار کی حدیث پاک میری دلیل ہے دعوے کی سرکار نے فرمایا
يَأْتِي عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ انسانوں پر ایک وقت ایسا بھی آئے گا۔ يَجْتَمِعُونَ فِي الْمَسَاجِدِ وہ مسجدوں
میں اجتماع بھی کر رہے لگے۔ مسجدوں میں جمع بھی ہوں گے۔ اور ظاہر بات ہے جو مسجد میں آتا ہے وہ اللہ اکبر
کے لئے آتا ہے، نماز کیلئے آتا ہے۔ کاروبارِ دنیا کے لئے نہیں آتا۔ لیکن سرکار نے فرمایا۔ يَجْتَمِعُونَ فِي الْمَسَاجِدِ —
وہ لوگ مسجدوں میں اکٹھے بھی ہونگے۔ لوگوں کو گنہگار کے مسجدوں میں لے آئیں گے۔ مساجد میں بڑے بڑے اجتماع بھی کریں
گے۔ تل دھرنے کو جگہ بھی نہ ہوگی۔ مگر حال کیا ہوگا۔ وَلَيْسَ فِيهِمْ مُؤْمِنٌ۔ ان میں مومن ایک بھی نہیں ہوگا۔ معلوم
یہ ہوا۔ کہ مسجد کی حاضری اور مومن ہونے میں کچھ فاصلہ رہ جاتا ہے۔ کہ اس مسجد کی حاضری دینے والے کو صاحب
ایمان کہیں یا نہ کہیں کیونکہ سنیے۔ میں حدیث پاک سناتا ہوں۔ صحابہ فرماتے ہیں۔ ہم ایک دن سرکار کے
ساتھ جا رہے تھے۔ اب صحابہ کا اسلوبِ بیان ملاحظہ فرمائیں۔ یہ نہیں فرمایا کہ سرکار ہمارے ساتھ جا رہے
تھے۔ یہ فرمایا کہ ہم حضور کے ساتھ جا رہے تھے۔ فرق کیا ہے بظاہر دونوں باتیں یکساں نظر آتی ہیں۔ سرکار ان کے
ساتھ جا رہے ہیں یا وہ سرکار کے ساتھ جا رہے ہیں۔ مگر فرق یہ ہے۔ اگر کہا جائے کہ سرکار ہمارے ساتھ جا رہے
تھے۔ تو پتہ یہ چلتا ہے کہ اصل حیثیت صحابہ کی ہے۔ اور سرکار ثانوی حیثیت سے ساتھ جا رہے ہیں۔
اور اگر کہا جائے کہ ہم سرکار کے ساتھ جا رہے تھے۔ تو پتہ یہ چلتا ہے کہ اصل حضور تھے اور فرع اور ثانوی حیثیت
سے صحابہ کرام کی تھی۔ اصل حضور ہیں۔ اور صحابہ ان کے ساتھ جا رہے ہیں۔ اچانک کیا ہوا ہم نے دیکھا
ایک جوان انصاری صحابی آ رہے ہیں۔ زید ان کا اسم گرامی ہے یا حارثہ یا دونوں اسم گرامی ہیں۔ سامنے
آ رہے تھے۔ سرکار دو عالم علیہ السلام نے ان کو روک لیا۔ وہ آکر ملے انہوں نے دست بوسی کی سرکار دو عالم
نے اپنے صحابی سے پوچھا۔ میرے صحابی بتا كَيْفَ أَصْبَحْتَ يَا زَيْدُ اے زید یہ بتا تو نے صبح کس حال
میں کی۔ اب دیکھئے پوچھنے والے سارے کائنات کے رسول ہیں۔ لیکن جن سے پوچھا جا رہا ہے۔ وہ بارگاہ

مصطفوی کا تابندہ ستارہ ہے۔ حضور کے صحابی ہیں۔ اور آپ جانتے ہیں۔ بعد کائنات میں انبیاء و رسل کے بعد سب سے اونچے درجے کے صحابی ہیں۔ اللہ آپ سب کا بھلا فرمائے۔ آمین۔ زبانیں اللہ نے منہ میں دیں ہیں اس لئے ہیں۔ کہ اس سے ذکر مصطفیٰ کیا جائے۔ میں نہیں سمجھ رہا آج یا تو کچھ مہمان انڈیا سے آئے ہیں۔ میری وہ زبان نہیں سمجھ رہے یا پھر حضرت پیر صاحب کا بڑا اہتمام کے ساتھ چہرہ تک رہے ہیں۔ حضرت کا چہرہ دیکھیں ثواب ہوگا۔ یہ تو ساری کائنات کے رسول کی بات ہے نا — یہ تو سرکار کونین کے پیر کی بات ہے۔ بات اسی کی ہوتی ہے جو ان کی بات سنتا ہے۔ اور بڑا وہی ہوتا ہے جو ان کے قدموں سے وابستہ ہوتا ہے۔ اور بڑا وہی ہوتا ہے جو ان کا منگتا ہوتا ہے۔ جو اس بارگاہ سے غلامی کا رشتہ استوار کرتا ہے۔ اور جو اس بارگاہ سے غلامی کا رشتہ استوار نہیں کرتا وہ کائنات میں کچھ بھی نہیں ہے۔ بڑا ہوتا ہے چاہے رنگ اس کا کالا ہو۔ چاہے اس کے ہونٹ موٹے ہوں۔ چاہے اس کی زبان توتلی ہو۔ چاہے وہ ٹھگنا سا ہو۔ آیا بھی حبشے سے ہو مگر اگر یہ غلام اگر سرکار کی محبت کا چراغ سینے میں روشن ہو تو حال یہ ہوتا ہے۔ جب تک وہ اذان نہیں کہتے سورج طلوع نہیں ہوتا تھا کہ سورج نہیں چڑھتا۔ جب تک وہ بلال توتلی زبان سے اذان نہیں پڑھتا۔ میں نہیں سمجھ پا رہا کہ آج حضرات اتنے گم سم سے بیٹھے ہیں۔ اللہ تعالیٰ اپنا فضل و کرم ہمارے شامل حال فرمائے۔

میں عرض کر رہا ہوں کہ صحابی سے پوچھا جا رہا ہے۔ کَیْفَ اَصْبَحْتَ یَا زَیْد۔ زید تو نے صبح کس حال میں کی ہے۔ وہ عرض کرتے ہیں حضور اَصْبَحْتُ مُؤْمِنًا حَقًّا۔ میں نے صبح اس حال میں کی ہے۔ کہ میں پکا صاحب ایمان ہوں۔ میں پکا مومن ہوں۔ صحابی حضور کے دربار میں عرض کر رہے ہیں۔ اور یہاں تو تصور بھی کوئی نہیں۔ کہ ہر صحابی اور وہ لفظ تکلیف ایمان میسر ہے۔ یہ ممکن ہی نہیں ہے۔ اور سرکار کی بارگاہ میں غلط بیانی۔ یہ خلاف حقیقت بات کا یہ بھی تصور کوئی کیا کرے۔ لیکن سرکار اس سے اس جواب پر فرماتے ہیں۔ کیا کہا ہے زید۔ جواب دینے والے صحابی رسول ہیں۔ مگر سرکار اس سے کہتے ہیں۔ اُنْظُرْ مَا ذَا تَقُوْلُ۔ زید غور کر تو نے کیا کہا ہے۔ اپنے قول پر غور کر۔ اپنی گفتگو پر غور کر۔ اُنْظُرْ مَا ذَا تَقُوْلُ۔ سرکار نے فرمایا اِنَّ لِکُلِّ شَیْءٍ حَقِیْقَۃً وَمَا حَقِیْقَۃُ ذٰلِکَ اِذًا اِیْمَانِکَ۔ سرکار نے فرمایا اے صحابی۔ یہ بتا ہر بات کی ایک حقیقت ہوتی ہے۔ بتا تیرے ایمان کی حقیقت کیا ہے۔ تو نے تو دعویٰ کیا کہ میں صاحب ایمان ہوں۔ میں نے ایمان کی حالت میں صبح کی ہے۔ بتا چلتا ہے۔ کہ کوئی اس کی حقیقت ایمان ہے۔ ایک ہے دعویٰ ایمان

اور ایک ہے حقیقتِ ایمان ۔ جب تک وہ حقیقتِ ایمان حضور کے صحابہ کو بھی میسر نہیں آئی تو نبی
مصطفیٰ نے ان کا ایمان بھی مقبول نہیں کیا۔ چہ جائیکہ کہ کوئی عام بندہ ہو۔ بعد میں آنے والا کوئی ہو۔
جب سرکارِ دو عالم نے اسلام لانے والے اپنے صحابہ کی اس دعویٰ ایمان کو بغیر حقیقتِ ایمان کے مقبول نہیں کیا تو
عام بندہ صاحب۔ ایمان کیسے ہو سکتا ہے۔ اس حقیقتِ ایمان کے موجود ہونے کے علاوہ
عزیزانِ گرامی سنیے۔ صحابہ کا جمِ غفیر ہے ۔ اور سرکارِ دو عالم جلوہ گر ہیں۔ سرکار نے ان صحابہ
سے ایک سوال فرمایا مجھے اس کا جواب چاہیے۔ حضور کیا۔ سرکار نے فرمایا صحابہ یہ بتاؤ أَيُّ الْخَلْقِ أَعْجَبُ
إِلَيْكُمْ إِيمَانًا ۔ تمہارے نزدیک سب سے عجیب تر ایمان کس کا ہے۔ کس مخلوق کا ایمان تمہارے نزدیک عجیب
ترین ہے ۔ صحابہ عرض کرتے ہیں حضور ہمارے علم کے مطابق سب سے عجیب تر ایمان قَالُوا الْمَلَائِكَةُ ۔
حضور ہم تو یہ سمجھتے ہیں۔ کہ سب سے عجیب ترین ایمان جو ہے وہ فرشتوں کا ایمان ہے۔ سرکار نے
فرمایا قَالَ وَمَا لَا يُؤْمِنُونَ ۔ صحابہ ان کا ایمان کیسے عجیب ہو گیا۔ وَهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ حالانکہ وہ ملائکہ
اللہ کی بارگاہ کے قریب رہتے ہیں۔ صبح و شام اللہ کی رحمتوں کے سمندر میں غوطہ زن رہتے ہیں۔ اگر
فرشتے ایمان لائے ہیں تو اس میں عجیب تر بات کس طرح ہو گئی۔ اللہ نے ملائکہ کو پیدا ہی اس لیے
کیا ہے۔ کہ وہ اللہ کی بندگی کریں وہ اللہ کی عبادت کریں۔ وہ اللہ کی تسبیح بیان کریں۔ کوئی رکوع میں
کھڑا ہے۔ کوئی سجدہ ریز ہے۔ کوئی قیام میں ہے کوئی کس حال میں ہے۔ کوئی کس حال میں ہے۔
ہر وقت وہ فرشتے اللہ کی تسبیح بیان کرتے ہیں۔ خدا نے ان کی تخلیق ہی عجیب شئے کی ہے۔ اور
عجیب حال یہ کیا ہے۔ اور ایک لمحے بھی اللہ کی عبادت و ریاضت کے علاوہ کوئی کام کرتے ہی کوئی نہیں۔
وہ ہر گھڑی اسی کے حکم کی اطاعت کرتے ہیں تعمیل کرتے ہیں۔ وہ ایمان لائے ہیں تو اس میں تعجب والی بات
کون سی ہے۔ صحابہ عرض کرتے اگر حضور پھر فرشتوں کا ایمان عجیب نہیں ہے تو قَالُوا النَّبِيُّونَ حضور پھر
نبیوں کا ایمان سب سے عجیب تر ہے۔ سرکار نے فرمایا قَالَ وَمَا لَا يُؤْمِنُونَ ۔ میرے صحابہ نبیوں کا ایمان
کیسے ہو گیا۔ حضور کیوں نہیں۔ سرکار نے فرمایا وَالْوَحْيُ يَنْزِلُ عَلَيْهِمْ حالانکہ ہر گھڑی اللہ پاک کی بارگاہ
سے ان کے سینوں پر وحی اترتی ہے۔ فرشتے آتے ہیں۔ بارگاہِ کبریا سے ان کی بارگاہ میں ہر گھڑی وحی آتی
ہے۔ ان کا ایمان عجیب کیسے ہو گیا۔ وہ ایمان نہ لاتے تو کون ایمان لاتا۔ صحابہ عرض کرتے ہیں حضور پھر شکوہ
لا ایمان ہوا عجیب نہیں نبیوں کا ایمان بھی عجیب نہیں تو حضور تو پھر ہم رہ گئے۔ قَالُوا نَحْنُ ۔ حضور ہم سب
سے عجیب ترین ایمان ہمارا ہے۔ سنیے سرکار نے ان کی اس بات کو بھی رد کر دیا۔ سرکار نے فرمایا

تھا۔ کمال دکھلایا تو ستون حنانہ نے۔ تمہارا ایمان کیسے عجیب ہو گیا۔ تم ایمان نہ لاتے تو کون ایمان لاتا۔ حضور نبی سرکار
نے فرمایا وَأَنَا بَيْنَكُمْ أَظْهُرِكُمْ جبکہ میں محمد ﷺ تمہارے درمیان موجود ہوں ﷺ اگر تم ایمان نہ لاتے تو کون۔
تم نے اپنی آنکھوں سے دیکھا میری انگلی کا اشارہ ہوا تھا چاند کے دو ٹکڑے ہو گئے۔ تم نے اپنی آنکھوں سے دیکھا دودھ
کا ایک پیالہ تھا جو بمشکل ایک بندے کو کافی ہوتا ہے۔ مگر میری جناب میں ۷۰ صحابہ بیٹھے تھے۔ سب کو کافی
کر دیا مگر پھر بھی وہ بچ گیا۔ اور صحابہ تم نے اپنی آنکھوں سے دیکھا۔ جب یہودی نے آکر مجھ سے تقاضا کیا تھا۔ کہ
حضور میں آکر آپ کا کلمہ تب پڑھوں گا۔ اگر یہ سامنے والا درخت چل کر جناب کی خدمت میں آئے اور
آکر سلام کرے۔ تو میں بھی حضور کا کلمہ پڑھ لوں گا۔ تو میں نے اس سے کہا تھا۔ شجر کہنے پر تو وہ آبھی جائے گا
مزہ جب ہے کہ تو جا اور جا کر میرا پیغام دے اگر شجر کہنے پر وہ آ جائے۔ تو یہودی کے کہنے پر وہ حاضر ہو گیا تھا۔
اے صحابہ تم اپنی آنکھوں سے دیکھا تھا۔ عکرمہ رضی اللہ عنہ ابوجہل کے بیٹے وہ مجھ سے تقاضا کرتے تھے۔ کہ حضور
کلمہ تب پڑھوں گا۔ کہ سامنے پہاڑ کی چوٹی سے چٹان لڑھک کر آپ سے ملے پھر ٹھہر کر جناب کی خدمت
میں حاضر آکر سلام عرض کرے تو میں بھی حضور کا کلمہ پڑھ لوں گا۔ صحابہ تم نے پتھروں کو پانی پر تیرتا ہوا
تم نے کھجور کا سوکھا ہوا تنے کو اگتے ہوئے دیکھا۔ تم نے استن حنانہ کو میرے ہجر میں میرے فراق میں آنسو بہاتے بھی
دیکھا۔ روتے ہوئے بھی سنا۔ جیسے جس اونٹنی کا بچہ گم ہو جائے وہ فراق اولاد میں جیسے وہ اونٹنی روتی ہے تم نے اسی طرح
لکڑی کو میرے ہجر میں روتے دیکھا۔ آنسو بہاتے بھی دیکھا۔ تمہارا ایمان عجیب کیسے اس سے اگلی بات سنو
دوستو۔ نمرود اور ابراہیم علیہ السلام کا مناظرہ ہوا۔ ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا اپنی خدائی کا دعویٰ چھوڑ دے خدا
وہ سچا ہے جو میں ابراہیم علیہ السلام کا خدا ہے۔ اس نے کہا۔ ابراہیم علیہ السلام آپ کا خدا کیا کام کرتا ہے
کیا طاقت ہے اس کی کیا قدرت ہے اس کی۔ فرمایا میرا خدا وہ ہے جو زندوں کو مارتا ہے اور مردوں کو زندگی عطا
کرتا ہے۔ کہا ابراہیم علیہ السلام بس۔ یہ آپ کا خدا کرتا ہے یہ کام تو میں بھی کر سکتا ہے۔ کہا تو کیسے کر سکتا
ہے۔ جیل سے قید خانے سے ایک قیدی کو بلوایا جس کو پھانسی کی سزا ہونا تھی۔ اس کو کہا تجھے اب پھانسی نہیں
ہو گی۔ تجھے آزادی ہے۔ کہا دیکھا ابراہیم علیہ السلام وہ مر رہا تھا میں نے زندگی دے دی۔ ایک بندہ اچھا بھلا جی
رہا تھا۔ اس کو پکڑا اور قتل کر دیا۔ کہا دیکھو زندوں کو میں بھی مار دیتا ہوں۔ مردوں کو میں بھی زندگی عطا کرتا
ہوں۔ ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا بے وقوف تیری عقل میں بات نہیں آئی۔ میرے کہنے کا مقصد یہ
تھا۔ کہ ایک شے کسی قسم کی بھی نہیں ہے اس سے وجود ہی اس کا نہیں ہے۔ وہ اللہ پاک ہے اس کو
وجود عطا فرماتا ہے۔ نیستی سے ہستی میں لاتا ہے۔ عدم سے وجود عطا کرتا ہے۔ کل اشا علی

علی الانسان حین من الدھر ـــ مذکورا۔ اللہ نے بتایا کہ انسان پر ایک وقت ایسا بھی گزرا کہ وہ
قابلِ ذکر شئے نہ تھی۔ وہ تھا ہی کچھ نہیں۔ ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا ایسے بڑی کی سمجھ میں بات نہیں
آئے گی۔ ایسے آئے گی فرمایا میرا اندازہ ہے۔ ان اللہ یاتی ـــ من المغرب ابراہیم علیہ السلام نے
فرمایا۔ نمرود تو اگر خدا اپنے آپ کو کہتا ہے سچا خدا سمجھتا ہے۔ تو میرا خدا بھی خدا کی شان یہ ہے۔ میرا
خدا ہر روز مشرق سے سورج نکالتا ہے۔ اگر تو خدا ہے۔ تو فات بہا من المغرب تو مغرب سے سورج
چڑھا دے۔ لیکن قرآن کہتا ہے فبہت الذی کفر وہ کافر مبہوت ہو گیا بلا لاجواب ہو گیا۔ اس بات کا جواب
نہ دے سکا۔ اس کی طاقت ہمت نہ تھی۔ کہ وہ سورج سے مغرب چڑھا پاتا۔ اگر وہ خدانخواستہ
اگر ابراہیم علیہ السلام کے مطالبہ پر وہ نمرود اس دن مغرب سے سورج چڑھا دیتا۔ تو کیا ہوتا ـــ
ایک عجیب کیفیت ہوتی۔ سارے حاضرین کہتے ابراہیم علیہ السلام۔ آپ کی شرط پوری ہو گئی۔
پہلے اس کو خدا مانیں۔ ہم بھی اسی کو خدا مانتے ہیں۔ آپ کی شرط یہ تھی۔ کہ خدا وہ ہوتا ہے۔ جو مغرب
سے بھی سورج چڑھا دے۔ میرا خدا مشرق سے سورج نکالتا ہے۔ اگر تو خدا ہے تو مغرب سے سورج چڑھا
مگر ابراہیم کے مطالبے پر وہ مغرب سے سورج چڑھا نہیں سکا۔ لیکن ابراہیم علیہ السلام کی شرط کے مطابق۔ علم
بھی ہے کہ خدا وہ ہے جو مغرب سے بھی سورج چڑھانے پر قدرت رکھتا ہے۔ لیکن معلوم ہوئے نمرود تو
سورج مغرب سے نہیں چڑھا سکا۔ لیکن غور کرا جیے۔ مصطفیٰ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حیدر کرار کی نماز
کے لیے کہ سورج مغرب سے چڑھا کر دکھا دیا۔ اشارہ کر کے انگلی کا سارا تو عصر کے مقام لا کر دکھا دیا۔
دوستو یہ بات ذہن میں رہے۔ انگلی کا اشارہ اسی کی طرف ہوتا ہے۔ جو نظر آ رہا ہو۔ جو نگاہوں
کے سامنے ہوتا ہے۔ مگر سورج تو ڈوب چکا ہے۔ اگر سورج کھڑا ہے۔ اور اگر کوئی کہے سورج کھڑا تھا۔
تو اشارہ کیا۔ اگر سورج کھڑا ہوتا تو حیدر کرار نماز ادا کرتے۔ لیکن اگر سورج ڈوب چکا ہے۔ تو سرکار
نے پھر انگلی کا اشارہ کس کی طرف کیا۔ علماء فرماتے ہیں سورج تو فلک چہارم غروب ہو چکا تھا ہر ایک کی نظر سے
سورج اوجھل ہو سکتا ہے۔ لیکن نگاہ مصطفیٰ سے سورج کیسے اوجھل ہو سکتا ہے ـــ
سرکار نے اشارہ کیا ہے۔ علماء فرماتے ہیں۔ کہ لگتا یوں تھا جیسے سورج کی طنابیں حضور کے ہاتھ
میں ہیں طنابیں کھینچیں ہیں۔ کھینچ کے سورج کو عصر پر لا کر کھڑا کر دیا ہے۔ اور سورج نے پہاڑوں
پر اپنی دھوپ پھیلا دی ہے۔ سرکار شیر خدا نے اس دن عصر کی نماز ادا کی ہے۔ عرض کرنے کا مقصد یہ
ہے۔ سرکار نے فرمایا۔ تم نے ڈوبا سورج کو پلٹتے ہوئے دیکھا۔ تم نے ماہ کو دو پارہ ہوتے بھی دیکھا ـــ

تم نے جنگل کے جانوروں کو میری بارگاہ میں سجدہ ریز ہوتے بھی دیکھا۔ تم نے کنکریوں کو ابو جہل کے ہاتھوں میں کلمہ پڑھتے بھی سنا۔ تم نے کھجوروں کو آگتے بھی دیکھا۔ تم نے ستون کے تنے کو میرے فراق میں روتے بھی دیکھا۔ تم نے دودھ کے ایک پیالے کو ستر بندوں کو کافی ہوتے بھی دیکھا تھا۔ لوگ چشموں سے پانی نکالتے ہیں تم نے دیکھا کہ میری انگلیوں سے اتنا پانی نکلا ہے جو کہ سو صحابہ سیر ہو گئے ہیں۔ صحابہ کیا اب بھی تم ایمان نہ لاتے۔ قال وما لنا لا نؤمن وانا بین اظهرکم۔ جبکہ میں محمد کہ تمہارے درمیان موجود ہوں۔ اگر تم اس کے باوجود ایمان نہ لاتے تو کون ایمان لاتا۔ تمہارا ایمان عجیب کیسے ہے۔ سنیے۔ جب سرکار نے دیکھا بلبب ایمان کس کا ہے۔ حضور فرشتوں کا۔ حضور نبیوں کا۔ فرمایا نہیں حضور پھر ——— ——— اب سنیے۔ صحابہ عرض کرتے ہیں حضور اس سے آگے اللہ و رسولہ اعلم ——— خدا جانے مصطفےٰ جانے اس سے آگے ہماری نظر نہیں جاتی ——— تو جو ذہن میں ہم سوچ سکتے تھے سوچ لیا حضور آپ فرمائیں پھر سب سے عجیب تر ایمان کن کا ہے۔ تو سنیے دوستو، آپ کے ایمان کو جلا عطا ہو گی ——— سرکار نے فرمایا۔ اَنَّ اَعْجَبَ الْخَلْقِ اِلَیَّ اِیْمَانًا لَقَوْمٌ یَکُوْنُوْنَ مِنْ بَعْدِیْ لوگوں میرے نزدیک سب سے عجیب تر بیں ایمان ان کا ہو گا۔ جو میرے بعد آئیں گے۔ (B)

کہ لکھا ہوا پڑھیں گے کہ کوئی کالی کملی والا یار آیا تھا۔ کوئی سیاہ زلفوں والا محبوب جلوہ گر ہوا تھا۔ کوئی والضحیٰ مکھڑے والا آیا تھا۔ جس کی واللیل جیسی زلفیں بھی تھیں۔ جس کا مازاغ کا جل تھا تھا۔ جس کا الم نشرح سینہ بھی تھا۔ جس کا یٰسین چہرہ بھی تھا۔ جس کی طٰہٰ پیشانی بھی تھی۔ دیکھا بھی نہیں ہو گا مجھے۔ بس سنا ہو گا مجھے کتابوں میں لکھا ہو گا۔ کہ کوئی محبوب تھا۔ جو آیا تھا جلوہ گر ہوا تھا۔ اور پھر وہ فرما گئے۔ سرکار نے فرمایا سب سے عجیب تر بیں ایمان ان کا ہو گا۔ جو بن دیکھے مجھ سے عشق کرتے ہوں گے۔ وہ سن کر مجھ پر ایمان لائیں گے۔ دوستو وہ حقیقت ایمان میں عرض کر رہا ہوں۔ اگلی حدیث پاک سنیے۔

سرکار نے فرمایا صحابہ حضور کیا فرمایا طوبیٰ لمن رانی وامن بی ان لوگوں کو مبارک ہو۔ حضور کن کو فرمایا جن لوگوں نے دیدار کیا ہے۔ اور مجھے دیکھ کر مجھ پر ایمان لا چکے ہیں۔ ان کو مبارک ہو۔ اور اگلی بات ——— سرکار نے فرمایا۔ وطوبیٰ سبع مرات لمن لم یرانی وامن بی ——— فرمایا اس کو سات مبارکیں ہوں جس نے دیکھا بھی نہیں اور بن دیکھے محمد پر ایمان لایا۔ آخری حدیث پاک سنیے۔ وہ حقیقت ایمان کیا ہے۔ ایک دن صحابہ بیٹھے ہیں سرکار

کے قدموں میں۔ صحابہ نے بھی ایک سوال کیا۔ عرض کی آقا ہمیں بھی ایک سوال کا جواب چاہیے۔ فرمایا
پوچھو۔ حضور یہ فرمائیں۔ ھَلْ اَحَدٌ خَیْرٌ مِّنَّا۔ آقا کیا کوئی ہم سے صحابہ سے بھی بہتر ہے
اور جیسا کہ میں نے ابھی عرض کیا۔ رب کی ساری خدائی میں حضور کے صحابہ کا کوئی جوڑ نہیں ہے۔ انبیاء
اور رسل تو اونچے درجے کے ہیں۔ انبیاء و رسل کے علاوہ اللہ کے سارے انسانوں میں صحابہ کے مرتبے
کا کوئی بھی نہیں ہے۔ اور یہ بات بھی پلے باندھ لیں۔ صحابہ کو یہ مقام جو ہے نمازوں نے نہیں
دیا۔ صحابہ کو یہ مقام صرف روزوں نے نہیں دیا۔ حج ـــ زکوٰۃ ـــ عمل صالح۔ داڑھی ـــ میں
ذمہ داری سے عرض کرتا ہوں۔ صحابہ بھی بڑی نمازیں پڑھتے تھے۔ مجھے اللہ کی عزت کی قسم۔ بعد میں آنے
والی امت نے سرکار کے صحابہ سے بڑھ کر لوگ نمازیں پڑھنے والے تھے۔ صحابہ سے بھی بڑی
نمازیں پڑھی ہیں کیونکہ حضور کی امت میں جو بعد میں آئے ہیں۔ انہوں نے حضور کے صحابہ سے
نمازیں پڑھی ہیں۔ ممکن ہے کہ کسی کو حیرت لگے۔ صحابہ سے بڑھ کر۔ لیکن میں ذمہ دار ہو کر
بات کرتا ہوں۔ میں آپ سے پوچھتا ہوں کہ حضور کے صحابہ کتنے ہیں۔ جو کتابوں میں درج
ہے۔ ایک لاکھ چوبیس ہزار۔ علما فرماتے ہیں۔ لیکن میں آپ سے پوچھتا ہوں کہ کسی کے علم
میں ہو تو میرے علم میں اضافہ فرمائے ـــ ان ایک لاکھ چوبیس ہزار صحابہ میں سے کتنے صحابہ ہیں جنہوں
نے عشاء کے وضو سے چالیس سال تک فجر کی نماز پڑھی ہے۔ حضور کے صحابہ میں ایک
بھی نہیں۔ جنہوں نے چالیس سال تک عشاء کے ـــــــ یہ نمازیں غوث الثقلین محی الدین
عبدالقادر جیلانی نے پڑھی ہیں۔ آپ نے چالیس سال تک بستر بچھا کر نہیں دیکھا۔ یہ چالیس سال
میرے امام اعظم حضرت ابو حنیفہ نعمان بن ثابت نے پڑھی ہیں لیکن یہ بات بھی پلے باندھ لو۔ سب سے
سے بڑی نمازوں کو قیام و رکوع کو ہزاروں سلام ہیں امام اعظم کے نمازوں کو۔ مگر ان
سب کی نمازیں ایک طرف مگر حیدر کرار کی اس سجدہ کا کیا مقابلہ جو انہوں نے حضور کی اقتدا
میں نماز پڑھی ہے۔ صحابہ کرام کی ان نمازوں کا کیا مقابلہ۔ جو انہوں نے سرکار کی اقتدا میں
پڑھی ہیں۔ سرکار فرماتے ہیں۔ فرمایا اگر میرا صحابی تھوڑے سے جَو اللہ کے دین کی راہ میں خرچ کرتا ہے
جتنا اس کے بعد آنے والا احد پہاڑ کے برابر بھی سونا خرچ کرتا ہے۔ اس کو اتنا اجر و ثواب نہیں
ہے۔ مقدار تو بعد میں آنے کی زیادہ لیکن معیار سرکار کی نمازوں کا ہے۔ اور میں نے سب باتیں
عرض کی ہیں۔ لیکن ـ جو فضیلت من کل الوجوہ ـ وہ صحابہ کرام کو حاصل ہے۔ لیکن جزوی فضیلت

لیکن جزوی فضیلتوں کی بات ہوتی ہے کہ اس جہت سے افضل اس سرکار
کے صحابہ عرض کرتے ہیں حضور کل آخر ہو تھا۔ کیا آج ہم سے بہتر کوئی ہے۔ کوئی ہم سے اچھا
بھی ہے۔ اسلمنا ہم اسلام لائے۔ وجاھدنا معک۔ اور حضور ہم نے آپ کے ساتھ مل کر جہاد
کیا۔ قربانیاں دی ہیں۔ کیا ہم سے اچھا بھی کوئی ہے۔ اللہ نے فرمایا۔ کے محبوب قیامت تک
آنے والی امت سے فرما دیں۔ لوگو اپنے اسلام کا احسان ذات مصطفیٰ پہ نہ رکھنا۔
لا تمنوا علی اسلامکم ۔ تم اسلام لائے ہو تو کیا ہوا ہے سب کچھ ہے مگر خبردار
تمہارے حاشیہ خیال میں بھی یہ بات نہ آئے کہ ہم نے حضور پر کوئی احسان کیا ہے۔ بلکہ معاملہ الٹا
ہے۔ بل اللہ یمن علیکم۔ بلکہ یہ اللہ کا تم پہ احسان ہے کہ ان ھداکم للایمان جس نے محمد کی
کی صفت کا سینہ تمہاری گمراہیوں میں ڈال دیا ہے۔ جس نے تم کو دہلیز مصطفیٰ پر لا کر بٹھا دیا
جس نے تمہارے سینے میں شمع رسالت روشن کر دیا ہے۔ صحابہ عرض کرتے
تھے۔ کوئی ہم سے بہتر بھی ہے ہم اسلام لائے۔ سرکار نے فرمایا نعم
ہاں تم سے بہتر بھی ہیں۔ حضور کون لوگ ہیں یہ حدیث پاک مسند امام احمد میں ہے۔ وہ صفت
ایمان کیا ہے جس کے متعلق اللہ فرماتا ہے یا ایھا الذین آمنوا آمنوا۔ اے ایمان والو تم ایمان لاؤ۔ وہ
ایمان کونسا ہے۔ ان من امتی اشد حبا لی۔ صحابہ میری امت میں سب سے بڑھ
کر مجھ سے محبت کرنے والے وہ ہوں گے۔ ان کے بعد لوگوں کو ... جو بندے میرے بعد آئیں گے۔
ان کا حال کیا ہوگا۔ پوچھا حضور کیسا حال ہوگا۔ سرکار نے فرمایا ان کا حال یہ ہوگا۔ ان
کی چاہت لمحہ لمحہ بڑھے گی۔ ان کی خواہش یہ ہوگی کہ کاش ہم سے ہمارا کوئی سارا مال
لے جائے ہماری زمینیں جائیداد بھی لے جائے۔ ہمارا گھر بار بھی لے جائے سب کچھ کوئی
لے لے۔ اور ایک مرتبہ ہمیں چہرہ مصطفیٰ دکھا دے۔ سرکار نے فرمایا ان میں سے ہر کوئی
اس شوق پہ جیے گا۔ ہاں یہ بھی فرمایا اچھا بھی فرمایا کہ میرا مال بھی کھو جائے میرا
گھر بار کھو جائے۔ میرا مال دولت کھو جائے۔ سب کچھ کوئی لے جائے۔ اور ایک
مرتبہ کوئی مجھے آنکھوں سے حسن مصطفیٰ دکھا دے۔ یہ ہے حقیقت ایمان۔ اسی لئے
اشارہ کیا تھا خواجہ غلام فرید نے:

اپنا سوہنا مال زیور دا مٹی گھن۔ موڑ کے دیاں جُزان آ آپ چھن کھن۔

- تمنا سب دھل گئیں جب جالی کو دیکھا گیا۔ ہاں تشکر اشکوں میں ادا ہے۔
پر واری لنگڑا آنسو بھی جا ئے۔

رہ حقیقت ایمان عشقِ مصطفیٰ ہے۔ یا جس کے متعلق اللہ کہتا ہے اے ایمان والو
ایمان لاؤ۔ سچے دل سے حضور سے عشق کرو۔ اگر تم میرے محبوب کے ہو سکو۔
تو بقول علامہ اقبال - کی محمد سے وفا ـــــ

Qamar

۱۸—۲—۲۰۱۶ بجوار
۹—۵—۱۴۴۴
۱۰—۴—۱۹ AM

(۱) اتنی اتنی بس سا لب پہ جاری رہا۔

(۲) آقا تیرے روضے کو دیکھا تو سکون مل گیا۔
سبز گنبد کی شوکت پہ لاکھوں سلام۔

(۳) عمر بھر روئی جو عاصیوں کے لئے
آپ کی چشم رحمت پہ لاکھوں سلام۔

(دعا)

یا اللہ ہماری اس حاضری کو اپنی بارگاہ میں شرفِ قبولیت عطا فرما۔ یا اللہ جو بھی دکھی
ہیں اور پریشان ہیں ہمارے جرموں کو معاف فرما۔ ہمارے دکھوں کو سکھوں میں تبدیل
فرما۔ ہر پریشانی، رنج و غم۔ اندھیروں کو سب دور فرما۔ یا اللہ اپنی رحمتیں برکتیں
نوازشیں تجلیات کا سایہ عطا فرما۔ یا اللہ ہم سب کو حضور کی تعلیمات کی خیرات
سے مالا مال فرما۔ یا اللہ ہم سب کو زندگی میں بار بار ادب و احترام کے ساتھ سرکار
تقاضوں کو ملحوظ خاطر رکھ کر اپنے درِ حبیب کی حاضری عطا فرما۔ یا اللہ موت سے
پہلے پہلے مدینہ پاک نصیب فرما۔ قبر کی دیواریں دیکھنے سے پہلے پہلے در و دیوارِ مدینہ عطا
فرما۔ یا اللہ جتنے بیمار ہیں سب کو شفا عطا فرما۔ جو تیرے دروازے سے
ہم دور ہیں۔ اپنی بارگاہ کی خوشبو نصیب فرما۔ یا اللہ ہم مجرم ہیں ہمیں معاف کر دے،
اور ہر قسم کے جرم کر کے بیٹھے ہیں ہمیں معاف فرما۔ یا اللہ قیامت کی ہولناکیوں اور
شدتوں سے نجات عطا فرما۔ اور اپنے محبوب کی شفاعت کا سہرا کا سایہ عطا
فرمانا۔ یا اللہ جتنے بھی بیمار ہیں سب کو شفا عطا فرما۔ یا اللہ جتنے بے اولاد ہیں
سب کو اولاد عطا فرما۔ اور جتنے صاحبِ اولاد ہیں سب کی اولاد کو حضور کے دین
کا خادم بنا۔ اور ہر حکم کا پابند/تابعدار بنا۔ آمین

سید فیض الرسول شاہ صاحب

۵۔ میلادالنبیؐ

خان محمد قادری شیخ فاضل

حمد خطبہ۔ ھوالذی ارسل رسولہ بالھدیٰ ودین الحق ——

؟ نورِ سرکار نے ظلمت کا بھرم توڑ دیا — کفر کافور ہوا اور شرک نے دم توڑ دیا۔

شدتِ ظلم ہوئی خُلقِ محمد سے فنا — جتنے شر دار تھے ہر ایک نے دم توڑ دیا۔

آئی رات مبارک والی تے بھاگ اساڈے جاگے — مسیتاں تے خوشیاں ڈھلیاں تند گھن

سریکل سہاگے۔

سب کو مبارک ہو۔ سب دن اور راتیں اللہ کے بنائے ہیں۔ خاص راتیں —— آمد کے حوالے پر

خوش ہوتے ہیں۔ فاقصص القصص لعلھم یتفکرون —— پچھلی باتیں پیار سے سنا رہے ہیں۔ ہر وقت یوسف

کے بھائیوں والا کام نہ دکھا۔ کبھی یعقوب بن کر آ۔ عارف کے کپڑوں والے نے سر ملایا

؟ جنہاں کپڑے کھوہ وگایا کی اونہاں دے بھانے کھوٹے دربھیس وچ دتوں اوہ تیری زور دکھائے

گھمن ہواوش زلیخا آ ستے حل نہیں یعقوبوں تاوں پو سالک بخشا صورت سیرت خوبوں۔

رات اندھیری گھمن گھیر کا دریا تھاگ تھاں ہارے — ان کی جانب اسرار اساڈی جیرلی ایس کنار

بتاؤں کو ہے جشن کیسے ہوا ہے — ان کو کیا پتا جو محروم ہیں۔ بتا اس دیوانے کو ہے جس نے پیا ہے۔

پیالہ ہے تو جس نے جام کوثر پیا ہے — جس کی بھول کل ہی خاک اور کہ دو مٹھائی ہے ——

اسے کیا پتا کہ مصطفیٰؐ کی آمد کی برکت کیا ہے۔ اس کرم کو کرم کیا ہے۔ مصطفیٰ کا دین دکھایا ہے

سرکار کو بھیجا۔ انہوں نے جیسا کام کیا —— لوگ سڑک بنانے میں تختیاں لگاتے۔ رب نے اس کائنات

اجڑی کو بسانے بھیجا —— فیصلہ میں اس کائنات کا کیا عالم تھا۔ جتنا زمین ——

جب تک بنا آتے نہ تھا — اس نے رحمت۔ اسلام کے لیے تھا۔ زمین —— سارا ملک کافر کے دور

ہے۔ کعبے کے اندر بتوں کا ڈیرہ تھا —— عقل والا بتائے گا کہ جاہل کیسے ہیں ——

اللہ کے دشمنوں نے کعبے کے اندر —— بت کیا کر سکتا ہے۔ —— احوال

؟ پہلے سے پہلے =

برصغیر کے تاریخ کا حال۔ ماں کی عزت۔ بہن کی عزت۔ دریا کی پوجا۔ درختوں کی پوجا۔

خاوند کی موت بیوی کا حال۔ بھائی کے ظلم رسم۔ داماد کو کیا۔ ایران میں بیٹی کی عزت لوٹنا۔

العیاذ باللہ۔ دارا سکندر اپنی بہن کے پیٹ سے پیدا ہوا۔ لوگ انگاروں کو پوجتے۔ مصر

کا حال گوبر کے کیڑے —— پوری روئے زمین پر اندھیرا تھا ——

ہم سے پہلے تھا عجیب تیرا جہاں کا منظر
کہیں مسجود تھے پتھر کہیں معبود شجر
خوگر پیکر محسوس تھی انساں کی نظر
مانتا پھر کوئی ان دیکھے خدا کو کیونکر۔
اللہ کی شان۔ مانتا کیسے تھا —
تجھ کو معلوم ہے لیتا تھا کوئی نام تیرا
قوت بازوئے مسلم نے کیا کام تیرا۔

اس کا مطلب تو یہ ہے کہ جب حضور آئے تو کوئی دنیا میں نہ تھا۔ سب مذہب والے ہیں —
سے تیرے نام پہ تلوار اٹھائی کس نے — بات جو بگڑی تھی وہ بنائی کس نے —
کس کی ہیبت سے صنم سہمے ہوئے رہ گئے۔
(۱) حضرت حلیمہ نے محبوب کو اٹھایا ہبل نے سجدہ کیا — آج میلاد کا انکار کرتی ہے
اور عورتوں نے جشن میلاد — کیا صحابہ نے منایا — یہ جشن کس نے منایا —
ذرا ان کی وضاحت کس میں ہے — (8) اب آگئی جان شکنجے اندر —
بزرگوں کی خدمت میں — سب کی خدمات ایک طرف۔ محمد عربی کی خدمت —
ایک رات ایک طرف۔ بڑے بڑے بادشاہ اپنی اپنی خدمات —
آج انسان اتنے جھوٹ بولتا ہے کہ سچائی بھی جھوٹ پر کی حوالہ لگتا ہے
علامہ اقبال کہتا ہے =
کس کی ہیبت سے صنم سہمے ہوئے رہتے تھے۔ منہ کے بل گر کر کہا ھو اللہ احد کہتے تھے۔
انگریزی آ گئی۔ سات سو علماء کی خدمت — ابھی تو آنے کا الزام ہے —
سر کار گزر گئے — بہت گر رہے تھے۔ سجدے میں گر رہے ہو گے۔ میلاد کا مزہ چکھا —
محشر میں جا رہا ہے — (احمد رضا خان)۔ وہ خدا ہے جس نے آپ کو ہم تک کرم پہنچا رہا۔ ہمیں مانگنے کو
تیرا آستاں بتایا۔ وہی بولے سدرہ والے۔ چمن جہاں کے تھالے۔ سبھی میں نے چھان ڈالے۔ تیرے پایہ کا
نہ پایا۔ تجھے یک نے یک بنایا۔ — = ابھی سرکار میں ہم چند دن کی —
ابھی کس نے کہا ابھی تو تو پھول بن کر گلاب ہوگا — مثال ہیرو را کجا — —

مقتول نے ذکر کیا ہے کا ۔ ۔

سب سیاں توں ویکھوں جائے میرا اکھار اکھ چناں دا ای ۔ = تمام پیغمبروں کا ذکر ۔

سب پیغمبر مولا بھیجے ہر احمد کون سدا ڈیرا ا ا ۔

رب جوڑی نال تکلم کرسا ۔ اوہنوں اپنے کول بلاوندا اے ۔ میلاد کا ذکر ہے ۔

اقبال نے کہا ۔ بنی سے پہلے کائنات کا منظر کیا تھا ۔ کس کے واسطے صنم ۔

انسان کو غلامی سے چھڑایا کس نے ۔ صفحۂ دہر سے باطل کو مٹایا کس نے ۔

وہ کون تھا جس نے بلال کو باکمال بنایا ۔ بلال پر احسان ۔ ممبر پر کعبے کی چھت ۔

عمر بیچ بلال آگے حمایت میں ۔ ایک صورت جبار دیکھی ہے کالا بچہ ۔

بنی کے گھر جبار ہو ۔ بنی نے اٹھایا ۔ کپڑے چہرہ صاف ۔ اس لیے حضرت امام حسن

آگے ۔ ایک طرف حسن حسین کی طرف کھلا ۔ اچانک مولا علی ۔ کس سے ہے زیادہ پیار ۔

ان دونوں سے پیار ہے ۔ کون ہم بیوں کو سینے سے لگاتا ہے ۔ ام المومنین نے مرحبا کیا میرا

دوسرا حاضر ہے ۔ یا عائشہ رضی اللہ عنہا ۔ بلال کہاں سے آگے ۔ اقبال ،

؟ جھک کہنا جو ستارہ جو بڑے مقدر کا ۔ بنی نے غلامی کو کتنا بلند کر دیا ۔

لوگ غلام بنے کوثر سنے لگے ۔ نکرنے زادے بدلا ہے ۔ حضرت عمر فاروق نے فرمایا ۔

کیا آپ کے جوہر ان ہم سب کو اپنے برابر ۔ اس بچے کو جوانی ملی ۔ امام ابن عساکر ۔

حضرت عمر کی تلوار پڑی ۔ تو کئی ملک ہو گئے ۔ ۲۵ ہزار مربع میل تک قائم ۔ اس کا انجام ۔

یہ امیر ہے جب مہر محمد نے بنایا ۔ ۔

؟ ساقی نے جسے چاہا مستانہ بنا ڈالا ۔ جس دل کی طرف تاکا پیمانہ بنا ڈالا ۔

اک کشتی کو لیلیٰ نے مجنوں بنا ڈالا ۔ ہم نے تو جسے چاہا دیوانہ بنا ڈالا ۔

جو بنا اپنے عدل بنانے گئے ۔ قیامت کا دن ہوگا ۔ اک دن سر کا رشاد ہوگا میری کالی کملی والا

میرے لیے برابر بلال کے کان ۔ ادھر کو کے بیٹھ گیا ۔ آج کوئی صاحب جلسہ روتا ۔ اس امید

پر کوئی منائے گا ۔ اپنی بات کرتا ہے سے ڈالا کردار کون ۔

۱۸ ۔ ۲ ۔ ۲۰۱۶
۱۰ ۔ ۵ ۔ ۱۴۳۷ رجب المرجب
۸ ۔ ۵۵ ۔ ۲ PM

۲۱ ۲۸-۹-۱۱

۶- عظمتِ قرآن

حافظ خان محمد قادری

پارہ ۲ تا قصص القرآن ـــــ تشکرون ـ وکان فضل اللہ علیک عظیماً ۞ تمہید۔
عقیدہ علیہ السلام کا کر علم کے ساتھ ـــــ آدم کا کر فرشتوں نے سجدہ کیا ـ پیارے نبی
پر پہلی وحی ـــــ اللہ نے علم اور دوات کی قسم اٹھائی ـ اللہ نے محبوب کو بلند کیا۔
وعلمک مالم تکن تعلم ـ علم بڑی نعمت ہے ـ علم الرحمن علم القرآن ـ حضرت علی کا فرمانا
دنیا کو دولت ہمیں علم دیا یہ اللہ کی تقسیم ہے ـ العلم نور من اللہ ـ لوگ علم کے خلاف
ہو جاتے ہیں ـ علم شئی ہے ـ سلطان باہو۔ پڑھ علموں باجھو جو کرے فقیری ـــــ
مولا بخش عارف کرے ہو علم پڑھنا خدا دے بندے سارےآں تے کیتا فرض الٰہی ـ کردا علم دے نوں روشن
تے سنہری دور سیاہی ـــــ غوث پاک کا مدرسہ تھا ـ صبح کی نماز اشراق کے بعد
پڑھاتے ۔ ظہر سے عصر تک قرأت و حدیث ـ عصر کے بعد مغرب تک فتویٰ دیتے ـ مغرب ـ درس کرواتا۔
عشاء کے بعد عبادت کرتا ۔ رات ہوتے دروازہ نوں ـــــ گیارویں کے
لفظ ایک دیگ کا بیان کرتا ہے ـ غوث پاک کو مشن کیا تھا ـ بغداد میں طاعون
کی بیماری ـ مدرسہ کی گھاس ـ اس دور میں کوئی کا حملہ ـ بیسیوں کا کمرے تبلیغ والوں
ـــــ یہ گھاس قرآن سنتی ہے ـ ذکر کرتی ہے ، (۲) کعبہ میں خالد نام کا مکے کے شریف کہ قبرستان
قبروں والوں کو دیکھا ـ ان کی العنایۃ ـ ایک سال پہلے بندہ نے سورہ اخلاص کا ایصال کیا۔
سال ہو گیا ہے ـــــ نظام الدین محبوب الٰہی نے فرمایا دوران علم ـ حال سے فرمایا۔
علم فقہ کی کتاب قدوری کو ختم ـ دستار سجائی ـــــ حال نے کتاب کو حاصل کر کے ـــــ
مشارق الانوار حفظ کرلی ـ نوجوان کی حالت میں پاکپتن آئے ـــــ (۲) بدر الدین اسحاق
روتے رہتے تھے ـ کسی کسی نے خوش نہ دیکھا ـ فرمان سنایا بابا فرید الدین ـــــ
فرمایا کس لیے ہے کہ میں سکھاؤں گا ـ

Qurban

۱۶-۲-۲۰۱۶ جمعرات
۱۹-۲-۱۴۳۷
۱۰-۵
۱۲-۱ PM

۷۔ عظمتِ محبتِ رسول ﷺ

سید فیض الرسول شاہ

۸۶ قل ان کنتم تحبون اللہ ــــ رحیم ہے۔ = اللہ تبارک وتعالیٰ جل مجدہ العظیم کی حمد وثنا ۔
حضور نبی مکرم۔ رسول محتشم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔ کی ذات والا صفات پر بے شمار درود
وسلام کے بعد انتہائی واجب الاحترام حضرات علما و مشائخ کرام۔ نعت خوانانِ عالی
مرتبت۔ اور دور و نزدیک سے تشریف لانے والے اہلِ محبت۔ ہم رب محمد کا جتنا بھی شکر ادا
کریں وہ کم ہے۔ جس کی توفیق سے آج ہم اس پاک کے حوالے سے منعقد ہونے والی بابرکت
محفل میں ذکرِ رسول سے اپنی سماعتوں کو نواز رہے ہیں۔ رب ذوالجلال کے حضور دعا گو ہوں
کہ وہ آج کی ہماری حاضری اپنی بارگاہ میں شرفِ قبول سے نوازے۔

حضرت حافظ صاحب علیہ الرحمۃ کے درجات کو بلند سے بلندتر فرمائے۔ اللہ کریم
ان کی روح کو اعلیٰ علیین میں سکون عطا فرمائے۔ اور ہمارا اس دنیا سے سفر بابرکت فرمائے
اللہ کریم اس محفل کو ہم سب کیلئے ذریعہ نجات بنائے۔ اور قیامت کی دن کی ذلتوں
رسوائیوں سے نجات عطا فرمائے۔ اور دامن مصطفیٰ کا سایہ عطا فرمائے۔

عزیزانِ محترم بات یہ ہے۔ انسانی دلوں میں مختلف تمنائیں آرزوئیں مچلا
کرتی ہیں۔ کسی کو دنیا کی دولت کی طلب ہوتی ہے۔ کسی کو اولاد کی خواہش ہوتی ہے۔ کسی کو
علم حاصل کرنا اچھا لگتا ہے۔ کسی کو دنیوی جاہ و حشمت بھلی لگتی ہے۔ مگر ایک تمنا جو مشترکہ
ہے سب سینوں میں۔ جس سے آپ پوچھئے۔ چھوٹا ہو یا بڑا۔ مرد ہو یا عورت بوڑھا ہو یا
جوان ہو۔ شب زندہ دار صوفی ہو۔ یا اللہ کا نافرمان بندہ ہو۔ ہر ایک سینے میں یہ تمنا ہو کر
کوشش مولا تو صورت بن جائے۔ میں تیری محبت کرنے والا بن جاؤں۔ میں تیرا محب بن جاؤں
میرا سینہ تیرے عشق کی دولت سے مالا مال ہو جائے۔ میرے دامن دل میں تیری محبت کے
موتی آجائیں۔ تیرا عشق آجائے۔ تیرا پیار آجائے۔ مگر مولا۔ ہم تیرے بندے ہیں عاجز
سے بیٹھے ہیں۔ اور تو سارے کائنات کا رب ہے۔ اتنا بڑا رب ہے کہ تیری بارگاہ میں حمد
کی جبین بھی جھکتی ہے ۲ مولا ہمیں سمجھ نہیں آتی۔ کہ ہم تیری ذات کے ساتھ رشتۂ الفت
ومحبت استوار کیسے کریں۔ خدا جانے تو کہاں رہتا ہے۔ تیرا گھر کہاں ہے تیرا مسکن کہاں ہے
ہمیں تو جس کے ساتھ پیار ہوتا ہے ہم پیار کرتے ہیں۔ ہم بھی اس کے خدوخال کو دیکھتے ہیں
تو محبت ہوتی ہے۔ تو کبھی ہم اس کی گفتار سنتے ہیں۔ تو پیار ہو جاتا ہے۔ کبھی ہم اس کا حسن رعنا

کو دیکھتے ہیں۔ تو محبت ہو جاتی ہے۔ مگر مولا نہ تو ہمارے علم میں آنے والا ہے، نہ ہماری ادراک
میں آنے والا ہے۔ نہ ہماری فہم میں آنے والا ہے۔ نہ ہمارے شعور میں آنے والا۔ نہ ہمارے مطالعے
کی حد میں آنے والا۔ مولا تو عقل انسانی میں آنے والا۔ ہم تیرے ساتھ محبت کریں تو کیسے کریں
(B) ہم تیرے ساتھ عشق کا رشتہ جوڑیں تو کیسے جوڑیں۔ بارالہا ہماری راہنمائی
فرما۔ ہماری دستگیری کر۔ ہماری مدد فرما۔ ہم تیرے عاجز بندے۔ مولا ہمیں بتا دے کہ ہم
تیرے ساتھ پیار کیسے کریں۔ تو خدا نے مسلمانوں کی مشکل کو آسان کیا۔ اور راہنمائی
فرمائی۔ رہبری کی۔ فرمایا میرے بندو۔ آؤ اگر تم میری ذات کے ساتھ محبت و عشق والا رشتہ
استوار کرنا چاہتے ہو۔ تو سنو محمدؐ محبوب انہیں تو بتا دے۔ انہیں میرے ساتھ محبت کا
رشتہ استوار کرنے کا ذریعہ تو بتا دے۔ اس کا سبب تو بتا دے۔ کہ کس انداز سے تم بندو
اپنے خدا کے ساتھ محبت و عشق کر سکتے ہو۔ میرے محبوب محمدؐ تو اعلان فرما دے۔ تو
انہیں بتا دے۔ تو انہیں کہہ دے۔ کہ یا مولا۔ ہم تیرے بندے ہیں۔ اور تو ہمارا رب ہے۔ چاہیئے تو یہ تھا
کہ براہ راست ہمیں یہ بات بتاتا۔ کہ میرے بندو۔ اگر کوئی مجھ سے محبت کرنا چاہتا ہے تو اسکی صورت
یہ ہے۔ اس کا طریقہ یہ ہے۔ مگر تو براہ راست ہم سے بات کرنے کی بجائے تو درمیان میں مصطفیٰ
علیہ السلام کا واسطہ کیوں لاتا ہے۔ خدا فرماتا ہے نادانو۔ یہی سبق تمہیں پڑھانا چاہتا
ہوں۔ کہ جب میں رب ہو کر محمدؐ کے بغیر تم سے نہیں بولتا۔ تو بندے کا ہو کر محمدؐ کے بغیر مجھ تک
کیسے پہنچ سکتا ہے۔

فرمایا نادانو۔ کوئی یہ نہ سمجھے۔ کہ میں رب ہو کر اس بندے سے براہ راست خطاب کر کے بات
کروں گا نہیں۔ اگر میری محبت کی دولت چاہیئے۔ اگر میرے عشق کی خیرات چاہیئے۔ تو داتا
طلب فرما کر دہلیز مصطفیٰ پہ آ جا۔ سوالی بننا تیرا کام ہے۔ عاشق بنانا میں رب کا کام ہے۔
فرمایا میری نسبت پر اترانا مت۔ اترائے وہ جس کو میرا عرفان میسر آ جائے۔ جس
کو میری معرفت میسر آ جائے۔ جس کو میری نگاہ کرم کی خیرات میسر آ جائے۔ جس پر میں اپنے
پیار کی نظر کرم ڈال دوں۔ اور ڈالتا اسی پہ ہوں۔ جس کو دیکھتا ہوں گنبد خضریٰ پر سوالی بنا ہوا ہے
میرے مبلغ۔ اگرچہ تم میرے بندے ہو۔ مگر دیکھو بیٹھے ہو۔ تو میں اکیلا محمدؐ کا خدا ہوں۔ اگرچہ
تمہارا بھی رب میں ہوں۔ اور ساری کائنات کا رب میں ہوں۔ مگر کوئی سمجھے بوجھے۔ تو حقیقی طور

فقط مصطفٰی کا ہوں۔ رب میں ہوں۔ پر محبوب عشق دیکھی محمد ہے۔ جیسے بارات میں اصل دولہا
ہوتا ہے۔ باراتی تو اس کے صدقے ہوتے ہیں۔ کوئی نادان باراتی یہ سمجھے یہ شامیانے
میری خاطر لگے ہیں۔ یہ اہتمام کھانا یہ سب کچھ میری خاطر ہے۔ یہ پھول میری خاطر ہیں۔ یہ استقبال
میرا ہو رہا ہے۔ تو اس سے بڑھ کر اس کی نادانی کیا ہوگی۔ ارے یہ سب کچھ اس کے صدقے سے
آج پھولوں کا سہرا سجا ہے۔ اس کائنات کی ہر ہر شئے سے استفادہ کر ایمان
بھی تجھے ملے گا۔ قرآن بھی ملے گا۔ اللہ کی معرفت بھی ملے گی۔ اللہ کا فیض بھی ملے گا۔ اس
کی نگاہ کرم کی خیرات بھی ملے گی۔ مگر نادان اس کو فقط اپنا تصور کر کے رب بنا لیتا ہے۔
یہ صدقہ ہے محمد رسول اللہ کا۔ ہر جن کی مولا۔ ہم بڑے راستے ہیں یا بارگاہ تک آنا چاہتے ہیں
تو یہ نادان جس نے میرا رب ہونا بتایا اس کا دامن کیسے چھوڑ سکتے ہیں۔
یہ پچھلے مہینے ملسی کے علاقے میں میرا خطاب تھا۔ وہاں ایک اور مولوی صاحب بھی آئے تھے
کا عقیدہ میرے سے تھوڑا ہی ملتا تھا۔ ایمان کے متعلق سمجھانے لگے لوگو۔ ایمان یہ ہوتا ہے کہ اللہ کو
بغیر دلیل کے مانا جائے۔ وہ مولوی صاحب کہتے تھے کہ ایمان ـــــ
میں نے کہا نادان مولوی۔ اللہ کو بغیر دلیل کے ماننا یہ ایمان نہیں ہے۔ میں کہتا ہوں کہ بغیر
دلیل کے اللہ کو ماننا ـــــ میں نے کہا۔ اس کبریٰ کائنات میں اللہ کی سب سے بڑی
دلیل محمد رسول اللہ کی ذات ہے۔ اگر رب پر ایمان لانا ہے۔ تو دامن مصطفٰی کو تھام
کر دہلیزِ الوہیت پر جبینِ نیاز جھکانا۔ خدا کہتا ہے لوگو۔ اگر کوئی مجھ تک آنا چاہے، تو
محبوب کہہ دے قل ھو اللہ احد۔ تو دنیا کہے کہ اللہ یکتا ہے۔ وہ کہہ بھی سکتا تھا انا اللہ واحد۔ میں اللہ
یکتا ہوں یا اللہ یکتا ہے۔ مگر اس نے کہا لوگو۔ اگر کسی کو میری معرفت چاہیے۔ کسی کو میری پہچان
چاہیے۔ کسی کو میری محبت اور عرفان چاہیے۔ تو کہاں سے ملے گا۔ دہلیزِ مصطفٰی سے ملے گا۔
اور ایمان اسی کا قابلِ قبول ہے۔ اور یہ علما جیسے میں تشریف فرما ہیں ان سے پوچھ لیجیے۔ اگر کوئی بندہ
کسی اور ذریعے سے کسی اور سبب سے کسی اور واسطے سے اپنے رب کی معرفت حاصل کرتا
ہے یعنی کا دامن چھوڑ کر۔ اور عمل کرتا ہے۔ اللہ پاک اس کا عقیدہ اور عمل رد کر
دیتا ہے۔ عقیدہ توحید رد ہو جاتا ہے اگر ہوتا۔ اللہ احد۔ تو ایک نظریہ بنتا۔ عقیدہ تب
بنا جب محمد کی زبان سے نکلا۔ کہ ہاں وہ اللہ یکتا ہے۔ اور پوچھے حضرت محمد دلیل کہاں ہے

حضرت آپ نے خدا کو کیسے پہچانا۔ آپ کے پاس خدا کی دلیل کیا ہے کہ وہ خدا ہے۔ آپ فرماتے ہیں آسان سی بات ہے کہ میں تو رب کو رب اس لئے مانتا ہوں۔ کہ وہ رب محمد ہے (ﷺ) میں تو خدا کو ـــــــ کہ وہ میرے محمد کا رب ہے۔ میں نے کہا نادان ـــ دامن مصطفیٰ چھوڑ کر تو مجھے بتا تو سہی تجھے خبر کیسے ہوئی۔ کہ وہ سارا کائنات کا رب ہے۔ ارے حضرت ہیں وہ پہلے۔ مرتبے میں وہ پہلے۔ اپنی عظمت میں وہ پہلے۔ مقام میں وہ پہلے۔ رہی ایمان کی بات ایمان وہ نہیں جو مصطفیٰ سے پہلے۔ پہلے حضور کو مان پھر اللہ تک پہنچے گا۔ اگر سب سے تو نے حضور کو ہی نہیں پہچانا۔ اور حضور کا دامن ہی ہاتھوں میں نہیں تھاما۔ تو بتا تو خدا تک کیسے پہنچ سکتا ہے۔ خدا تک رسائی اسی شخص کو میسر آتی ہے۔ جس کے ہاتھوں میں دامن عشق مصطفیٰ ہوگا۔

قرآن سے پوچھو۔ خدا کیا فرماتا ہے۔ فرمایا واذا سالک عبادی ـــــــ

ترجمہ کیا آپ جانتے ہیں۔ واذا سالک۔ جب آپ سے سوال کریں۔ یوں عبادی میرے بندے۔ عنی میری ذات کے متعلق فانی قریب۔ پس میں قریب ہی ہوں گا۔ یہاں قرآن کا اصول بیان ملاحظہ کریں۔ اگر یوں ہو جاتا۔ واذا عبادی سالک۔ فرمایا ہے۔ جب میرے بندے آپ سے سوال کریں۔ بندوں کی نسبت پہلے اللہ نے اپنی ذات کی طرف نہیں کی۔ بلکہ بندوں کی پہلی نسبت دربار مصطفیٰ کی جانب کر دی ہے۔ واذا سالک جب آپ سے سوال کریں۔ کون میرے بندے۔ کہا مولا اگر عبارت یوں ہو جاتی تو معنے میں بھی فرق نہ پڑتا۔ اور الفاظ بھی وہی رہتے۔ واذا عبادی سالک کو مولا تو نے یہ کیوں یہی فرمایا۔ تو جواب آتا ہے کہ نادان۔ میں یہ کیوں کہہ سکتا تھا۔ واذا عبادی ـــــ پر میں نے بندوں کی پہلی نسبت دربار مصطفیٰ کی جانب کر کے لوگوں کو یہ بتا دیا ہے کہ میں اپنا بندہ مانتا ہی اس کو ہوں جو پہلے دربار مصطفیٰ کا سوالی بنتا ہے۔ محبوب اگر کسی کو میری بندگی کا شوق چاہیئے۔ کہ میری بندگی کے دامن میں آنا چاہیئے۔ تو اس کے لئے شرط اول یہ ہے کہ وہ پہلے دہلیز کا گدا بنے۔ وہ پہلے تیرا فقیر بنے۔ وہ تیرا محتاج بنے۔ وہ پہلے تیرا سوالی بنے۔ وہ پہلے تیری دہلیز پر دامن طلب پھیلا کر گدا بن کر تجھ سے میری عرفان اور معرفت کی خیرات مانگے۔ جب تیرے دروازے سے کوئی مجھے طلب کرتا ہے۔ تو محبوب پھر میں دیر نہیں لگاتا اس کی ملاقات میں۔ پھر میں اس کے قریب ہو جاتا ہوں۔ پھر میں اس کو قریب کر لیتا

ہوا۔ اور قرآن مقدس سے پوچھیے ۔ نسبتِ مصطفیٰ اور حضور کا واسطہ ۔ اور حضور کا وسیلہ۔
ایمان کے لئے کتنی اہمیت کا حامل ہے ۔ قرآن مقدس منافقین کی ایک روش بتاتا ہے
منافقین کی ایک نشانی بتاتا ہے۔ قرآن فرماتا ہے واذا قیل لهم تعالوا ——— والی الرسول۔
جب لوگوں کو کہا جاتا دعوتیں دی جاتی ہیں ۔ کہ آؤ ۔ الی ما انزل الله قرآن یعنی اللہ کی جانب۔
والی الرسول۔ اور رسول محترم کی جانب۔ کتاب رب فرماتا ہے ۔ رایت المنافقین محبوب تو
منافقوں کو دیکھے گا ۔ یصدون عنک صدودا ۔ کہ جب میری بارگاہ کا بلاوا آتا ہے ۔ تو وہ بھاگے
بھاگے آتے ہیں ۔ مگر جب تیری بارگاہ کا بلاوا آتا ہے ۔ تو منہ موڑ جاتے ہیں ۔ محبوب کوئی
میری بارگاہ میں میں آئے تو تیرا دامن چھوڑ کے آئے تو کافر رہا۔ میں کافر سے بدتر اس کو منافق
بنا دیتا ہوں۔ محبوب سب سے پہلے اسے چاہیے کہ وہ تیری دہلیز پہ آئے۔ وہ تیرے دربار میں آکے۔
اور تیرے دربار میں کھڑا ہو کر تجھ سے میری قربت مانگے۔ اور تو اس کو میری بندگی کا شعور عطا کر کے
میری محبت کا پٹہ اس کے گلے میں ڈال دے ۔ پھر میں کہاں جاتا ہوں کہ اس کی خدائی کا اسے کچھ ملا جاتا ہے
حضور کی ذات کتنی اہمیت کی حامل ہے ۔ جب بندہ قبر میں جاتا ہے ۔ آپ جانتے ہیں۔ تینے
سوال ہوتے ہیں۔ تین سوال ہوتے ہیں ۔ کچھ حدیثوں میں آتا ہے ۔ تین سوال ہوتے ہیں۔ اور کچھ احادیث
میں آتا ہے کہ فقط ایک سوال آتا ہے ۔ قبر میں لیٹنے والا۔ جب لیٹ جاتا ہے ۔ اپنے مرکز میں اپنے
گھر میں اپنی لحد میں ۔ اللہ کریم کی بارگاہ سے ملائکہ آتے ہیں جن کو منکر نکیر کہتے ہیں ۔ مگر یہ ذات
وہی ہوتی ہے مگر جب صاحب ایمان کے مزار آتے ہیں ۔ ان کا نام بدل جاتا ہے ۔ منکر نکیر کی بجائے بشیر اور
بشیر بن جاتا ہے ۔ مجرم کی قبر میں آئیں ۔ کسی فاسق و فاجر کی قبر میں آئیں ۔ ان کا نام منکر اور نکیر ہوتا
ہے ۔ اور جب اللہ کے ولی کی قبر میں آتے ہیں ۔ جب خدا کے محبوب بندے کے مزار میں آتے ہیں ۔ تو
جب عاشق رسول اللہ کی قبر میں آتے ہیں ۔ ان کے نام بدل جاتے ہیں ۔ پہلے منکر اور نکیر ہوتا ہے
پھر بشیر اور بشیر ہو جاتا ہے ۔ جب قبر میں آتے ہیں اور پوچھا جاتا ہے۔ حضرات محترم علماء تو
اس سے آگاہ ہیں ممکن ہے یہ بات آپ کے لئے نئی ہو ۔ کہ سرکار دو عالم کی امت سے پہلے
کسی امت کا حساب قبر میں نہیں ہوا۔ سرکار کی امت سے پہلے قبر والا حساب کسی امت کا
نہیں ہوا ۔ یہ حساب نبی کریم کی امت سے شروع ہوا ہے ۔ اور مجھے بڑی حیرت ہوتی تھی ۔ یہاں
معاملہ یہ مشکل ہو گیا ۔ ہونا تو یوں چاہیے تھا ۔ پہلی امتوں سے حساب ہوتا تو سہی ۔ امت مصطفیٰ سے

یہ حساب چھوڑ جاتا۔ فرماتا۔ مگر رب ذو الجلال نے کیا کیا۔ پہلی کسی امت سے حساب قبر نہیں ہوا۔
مفتی احمد یار خان فرماتے ہیں۔ یہ حساب قبر نبی اکرم ؐ کی امت سے شروع ہوا۔ میں سوچنے لگا کہ آخر یہ
سبب کیا ہے۔ اس کی وجہ کیا ہے۔ تو سوچتے سوچتے میرے ذہن میں یہ بات آئی کہ در حقیقت قبر میں
رب نبی کریم ؐ کے امتی سے حضور کی نعت مصطفیٰ سننا چاہتا ہے۔ سوال ہوتا ہے۔ من ربک۔ اے قبر میں
آنے والے تیرا رب کون ہے۔ اب مرد مومن کہتا ہے کہ فرشتو۔ الحمد ربی اللہ۔ ربی اللہ میرا رب اللہ ہے۔ یا اللہ
میرا رب ہے۔ اور گنہگار مجرم سے دوزخی سے سوال ہوتا ہے۔ من ربک۔ اے قبر میں آنے والے تیرا خدا کون
ہے۔ تو جواب آتا ہے۔ ھا ھا لا ادری۔ ہائے ہائے مجھے پتہ نہیں میرا رب کون ہے۔ ہائے میں نہیں
